**04/07/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنئے**

**یاترا**

**جموں کشمیر میں سالانہ شری امرناتھ جی یاترا آج دوسرے روز بھی خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے ۔ پہلگام اور بال تل سے ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ دونوں روایتی راستوں سے آج علی الصبح شردھالووں کو پوتر گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ۔بال تل سے ملی اطلاعات کے مطابق آج صبح آٹھ بجے تک سات ہزار 782 یاتریوں نے دُمیل کیمپ پار کیا ہے جبکہ نن ون سے زائد از تین ہزار یاتری چندن واڑی کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں ۔**

**شیو راج سنگھ**

**مرکزی سرکار جموں کشمیر میں زراعت اور دیہی ترقی کے شعبوں کو فروغ دینے کے لئے مناسب اور با معنی اقدام کر رہی ہے ۔ ان باتوں کا اظہار جموں کشمیر کے دورے پر آئے ہوئے زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کیا ۔**

**اس سے قبل وزیر موصوف نے سول سیکریٹریٹ سرینگر مینوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی موجودگی میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے دیہی ترقی اور زرعی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیا ۔**

**جنتا دل یونائٹڈ**

**اس دوران زراعت کے مرکزی وزیر مملکت رام ناتھ ٹھاکر نے سرینگر میں جنتا دل یونائٹڈ کے دفتر کا دورہ کر کے وہاں پارٹی کی ایگزیکیوٹیو کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں کشمیر کے کسانوں کے KCC قرضے**

معاف کرنے اور یوم
اجرا

---

توں پر کام کرنے والوں کو مستقل کرنے کے معاملات ابھارے ۔ وزیر موصوف نے بعد ۂ مینلیفٹنٹ گورنر منوج سنہاسے بھی ملاقات کی ۔

ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کرنے والے دیگر اہم شخصیات میں لداخ کے رکن پارلیمان محمد حنیفہ جان بھی شامل ہیں۔

درخشاں اندرابی

اسی دوران جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے سرینگر میں وزیر زراعت شو راج سنگھ چوہان سے ملاقات کی ۔ انہوں نے جموں کشمیر سے جڑے کئی اہم معاملات کی نسبت مرکزی وزیر موصوف کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔

چیف سیکریٹری

یعنی فائدوں کی براہ راست منتقلی سے متعلق تمام سکیموں کو DBT چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مقررہ وقت کے اندر آدھار کے ساتھ منسلک کرنے کی تمام محکموں کو ہدایت دی ہے ۔ اس سلسلے میں سرینگر میں متعلقہ محکموں کے انتظامی سیکریٹریوں اور محکمہ خزانہ کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے کہا کہ بہبودی کے پروگراموں کو عملانے میں شفافیت کی سمت یہ ایک اہم اقدام ہے۔

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی 8 تاریخ ہے ۔ایام محرم کے دوران // باطل کے خلاف حق کی علم بلند کرنے والے// شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

نوحہ۔۔....

قاضی سرور احمد

میر بازار اور والنَٹ FCI ڈائریکٹر اربن لوکل باڈیز کشمیر قاضی سرور احمد نے کولگام ضلع میں فیکٹری قاضی گنڈ میں قائم یاترا کے عارضی کیمپوں کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کے لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈائریکٹر موصوف نے کہا ۔

------

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے پلوامہ کے ترال علاقے سے دو ملی ٹنٹ اعانت کاروں کو گرفتار کر لیا ہے ۔ ان کے قبضے سے کچھ ہتھیار اور بارودی مواد بھی برآمد کیا گیا ہے ۔

اس دوران جموں کشمیر پولیس نے کپواڑہ ضلع میں آن لائن سائبر فراڈ کے کئی معاملات کو حل کرتے ہوئے زائد از گیارہ لاکھ روپے باز یاب کر لئے ہیں ۔

محکمہ داخلہ

جموں کشمیر کے محکمہ داخلہ نے جموں سے شائع ہونے والے ایک مقامی اخبار کی اس رپورٹ کو غلط اور من گھڑت بتایا ہے جس میں اس اخبار نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ یوٹی کے سرحدی اضلاع میں بنکروں کی تعمیر کے لئے واگزار کئے گئے رقومات میں سے پچاس فیصد سے بھی کم حصے کو بروئے کار لایا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت28 اعشاریہ 2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ